ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((398

مورخہ 27.07.24

**بہاولپور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی گذشتہ روز پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سرکل احمد پور شرقیہ کے ایس ڈی ایس پی او، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ۔منشیات فروشوں اور اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے۔شہریوں کا امن خراب کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھیں،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے سرکل احمد پور شرقیہ کے ایس ڈی پی او، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے میٹنگ کی۔میٹنگ میں سرکل احمد پور شرقیہ کے ایس ڈی پی او فرخ جاوید نے مقدمات بارے ڈی پی او اسد سرفراز خان کو بریفنگ دی۔جس پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جارہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے،اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے،شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائینز کے کانفرنس ہال میں سرکل احمد پور شرقیہ کے ایس ڈی پی او، ایس ایچ اوز و تفتیشی افسران کے ساتھ کرائم میٹنگ کر رہے ہیں